نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

18 مئی 2010ء

برائے فوری اجراء

279/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ کی جانب سے پاک فوج کو نئے ہیلی کاپٹروں کی فراہمی

اسلام آباد (18 مئی 2010ء) ___ حکومت امریکہ نے پاک فوج کی جانب سے شورش کچلنے کی کوششوں میں اعانت کے لئے آج حکومت پاکستان کو دو Bell 412 EP ہیلی کاپٹرز فراہم کئے ہیں۔ امریکی فوج کے بریگیڈیئر جنرل مائیکل ناگاٹا نے راولپنڈی کے قریب قاسم آرمی ایئر بیس پر ایک تقریب میں یہ ہیلی کاپٹرز 101 آرمی ایوی ایشن کے کمانڈر بریگیڈیئر جنرل ٹیپو کریم کے حوالہ کئے۔

امریکہ نے 24 ملین ڈالر مالیت کے اعلیٰ کارکردگی کے حامل 2 ہیلی کاپٹرز خریدے تھے تاکہ پاکستان میں شورشوں کو کچلنے کی کارروائیوں میں معاونت کی جائے۔ امریکہ نے فاضل پرزوں، خصوصی آلات اور طیاروں کی اعانت کے لئے دیگر ساز و سامان کی مد میں 20 ملین ڈالر بھی فراہم کئے ہیں۔

گزشتہ تین سال کے دوران پاکستان کے لئے امریکہ کی جانب سے سویلین و عسکری اعانت مجموعی طور پر چار ارب ڈالر سے تجاوز کر چکی ہے۔ فراہم کی جانے والی اس اعانت میں طبی امداد، اسکولوں کی تزئین و آرائش، پلوں اور کنوؤں کی تعمیر نو، خوراک کی تقسیم اور زرعی و تعلیمی منصوبے شامل ہیں۔ مخصوص دفاعی اعانت میں 14 ایف سولہ لڑاکا طیارے، 10 ایم آئی سترہ ہیلی کاپٹر، پاکستان فرنٹیئر کور کے لئے 450 سے زیادہ گاڑیاں، رات کو دیکھنے والی سینکڑوں عینکیں، دن اور رات کے اوقات میں استعمال ہونے والی دوربینیں، ریڈیو، اور پاکستان کی مسلح افواج کے لئے ہزاروں کی تعداد میں حفاظتی جیکٹیں اور ابتدائی طبی امداد کی اشیاء شامل ہیں۔ علاوہ ازیں امریکہ نے 370 سے زیادہ پاکستانی فوجی افسران کو انسدادِ دہشت گردی، انٹیلی جینس، نقل و حمل، میڈیکل، دورانِ پرواز حفاظت اور فوجی قوانین ایسے موضوعات کے بارے میں قائدانہ صلاحیتوں کو اُبھارنے کے پروگراموں کے لئے تربیت بھی فراہم کی ہے۔

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ

http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11-اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3